سوال

(59) کسب اور خلق میں فرق

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کسب اور خلق میں کیا فرق ہے؟ جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خلق نیست سے ہست کرنا اور عدم سے وجود لانا۔ کسب کسی امر کا قصد اور ارادہ کرنا اور اس کے قصد ارادے کے مطابق خدا تعالی کا اس کے اعضاء میں حرکت پیدا کر دینا۔

کسب میں کچھ احتیاج کا بھی شائبہ ہے یعنی کسی اپنی کمی اور ضرورت کو پورا کرنے کے لیے یہ قصد ارادہ ہوتا ہے اس لیے اس کی نسبت بندے کی طرف ہوتی ہے خدا کی طرف نہیں ہوتی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الایمان، مذاہب، ج1ص137

محدث فتویٰ